CHANAN Development Association (CDA)

HAMDAM Since 1994

امن رنگ

# امن کا نغمہ
# ٹھنڈک کا سایہ





امن رنگ

برائے رابطہ:

همدم ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن
قیوم نواز کالونی، ڈیرہ اسماعیل خان
فون: 0966-733886

## آپ کا عمل

امن کا سفر آپ سے شروع ہوتا ہے آج ہی امن کے لیے ایک قدم اٹھائیں ۔ امن رنگ منصوبے کے تحت ہمدم ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن اور چانن ڈیویلپمنٹ ایسوسی ایشن کے سنگ اپنے گھر محلے اور سماج میں امن کا ماحول بنانے میں اپنا کردار ادا کریں ۔ کیونکہ اگر ہم آج امن کا بیج بوئیں گے تو کل ایک پُر امن اور خوشحال دنیا ہمارا مستقبل ہوگی، اسلیئے آئندہ نسلوں کو امن کا تحفہ دیں ۔ اب وہ وقت آگیا ہے جب الفاظ سے ہٹ کر عمل کی ضرورت ہے ۔ امن صرف نعرے نہیں بلکہ آپ کے ہر قدم میں چھپا ہوتا ہے آج ہی اپنے لیڈرانہ خصوصیات کا کردار ادا کریں اور اپنے چھوٹے سے قدم سے دنیا اور اپنے علاقے میں امن کا انقلاب برپا کریں ۔

## پیغام

☆ یاروں! امن کا وقت آ گیا ہے۔نفرت کے شور کو خاموش کرنے کا وقت ہے۔یہ دنیا ہماری ہے ہمیں ملکر اسے پُرسکون بنانا ہے۔

☆ جنگ،تشدد اور اختلافات ہمارا مستقبل نہیں محبت، مفاہمت اور یگانگی ہے۔

## امن تازہ دم

☆ نوجوان ہمارے معاشرے کی طاقت ہیں ہم امن کے انقلاب کے متحرک بن سکتے ہیں۔

☆ اپنے فن،اپنی آواز اپنے عمل سے نفرت کے خلاف بولیں امن کا پرچم بلند کریں۔

☆ سکول،کالج،گلی،محلے،بازار اور ہر جگہ امن کا نغمہ گائیں۔دوسروں کو اس نغمے میں شامل کریں۔

## امن کا کھیل

☆ ہتھیار نہیں،کھیل کا سامان تھام لو، مقابلے نہیں دوستی کے مقابلے کھیلو۔

☆ مختلف ثقافتوں،مذاہب اور نظریات کے لوگوں کے ساتھ ملکر کھیلو اور بڑھو۔

☆ ہر اختلاف کو کھیل کے میدان میں حل کرو،محبت اور ہنسی سے جیو۔





## امن ٹیک

☆ ٹیکنالوجی ہمارا ہتھیار بن سکتی ہے۔لیکن امن کا ہتھیار سوشل میڈیا کو نفرت پھیلانے نہیں بلکہ امن پھیلانے کے لیے استعمال کریں۔

☆ اپنے موبائلز،کمپیوٹرز اور آئیڈیاز سے دنیا کو پُرامن بنانے کے نئے راستے ڈھونڈو۔

☆ ویڈیوز بناؤ،گانے گاؤ،لکھو، پیغام دو دنیا کو بتاؤ امن ہمارا انتخاب ہے۔

## نعرے

☆ بٹو نہ، جڑو، نفرت نہ کرو محبت کرو۔

☆ ہاتھ ملاؤ، امن بچاؤ۔

☆ نوجوان کا عزم، امن کا مشن

☆ اپنے لیے، دنیا کے لیے، امن کا سفر جاری رکھو۔

